LEGISLATIVE ASSEMBLY OF AZAD JAMMU & KASHMIR

# قانون ساز اسمبلی آزاد جموں و کشمیر

## سیکرٹریٹ

☆☆☆

## ٹینڈر نوٹس

قانون ساز اسمبلی آزاد جموں و کشمیر سیکرٹریٹ کو سیکیورٹی سٹاف کے لیئے وردیوں کی خرید کے سلسلہ میں مستند انکم ٹیکس/سیلز ٹیکس رجسٹرڈ سپلائرز/فرمز سے سربمہر (Single stage,two envelop) پروسیجر کی بنیاد پر ٹینڈرز مطلوب ہیں۔ جو مورخہ 12 اکتوبر 2026ء بوقت 11:30 بجے دن تک جناب سیکرٹری اسمبلی کے دفتر میں موصول ہو جانے چاہیئں۔ مقررہ وقت کے بعد کوئی بھی ٹینڈر / کوٹیشن وصول نہیں کی جائے گی۔ ٹینڈرز (Technical Proposals) اسی روز بوقت 12:00 بجے دن کوٹیشن دہندگان یا ان کے مجاز نمائندگان کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔ جبکہ Technical Proposals کی Evaluation کے بعد کوالیفائی کرنے والے ٹینڈرز دہندگان کو اطلاع دی جائے گی اور Financial Proposals ٹینڈر دہندگان یا ان کے مجاز نمائندگان کی موجودگی میں سات (7) دن کے بعد جناب سیکرٹری اسمبلی کے دفتر میں کھولی جائیں گی۔ وردیوں کی تفصیل بذیل ہے۔

| نمبر شمار | نام اشیاء | تعداد |
|---|---|---|
| 1 | پتلون (سیاہ رنگ) | 40 عدد |
| 2 | شرٹ سیاہ رنگ (فل بازو) | 40 عدد |
| 3 | شرٹ سیاہ رنگ (ہاف بازو) | 40 عدد |
| 4 | جرسی (سیاہ رنگ) | 20 عدد |
| 5 | جوتے سیاہ رنگ (باٹا، سروس (Bata, servis or equalent)) | 20 جوڑے |
| 6 | جراب (سیاہ رنگ) | 60 جوڑے |
| 7 | پی/بیرٹ کیپ | 20 عدد |
| 8 | نام کی تختی (Name plate) | 20 عدد |
| 9 | سٹار | 54 عدد |
| 10 | کراؤن | 06 عدد |

### شرائط:۔

(1) سیلز ٹیکس/انکم ٹیکس ڈیپارٹمنٹ میں باقاعدہ رجسٹرڈ فرمز/سپلائرز کوٹیشن دینے کے اہل ہونگے اور کوٹیشن پر اپنا N.T.N اور G.S.T نمبر درج کرنا لازمی ہوگا۔

(2) وردیوں کے نمونہ جات سیکرٹریٹ ہذا میں مورخہ 12 اکتوبر 2026ء سے قبل دفتری اوقات کار کے دوران ملاحظہ کیئے جاسکتے ہیں۔

(3) ہر آئیٹم کے الگ نرخ معہ جنرل سیلز ٹیکس، انکم ٹیکس، کشمیر لبریشن سیس اور تجوید القرآن ٹرسٹ فنڈز و جملہ رائج الوقت ٹیکسز بھی درج کرنا ہوں گے۔

(4) ٹینڈر کے ہمراہ وردیوں کے نمونہ جات جمع کروانا ضروری ہیں۔ پیپرا رولز کے مطابق مجاز اتھارٹی کو آئیٹم میں کمی بیشی کا اختیار ہے۔ نیز کامیاب ٹینڈر دہندہ دیئے گئے نرخ کے مطابق مقررہ مدت کے دوران قیمتوں اور کوالٹی میں کمی وبیشی کے بغیر وردی مہیا کرنے کا پابند ہوگا۔

(5) کوٹیشن کے ہمراہ مبلغ-/40,000 روپے کسی بھی شیڈول بینک کی کال ڈیپازٹ شامل کرنی ہوگی۔ بدوں کال ڈیپازٹ کوئی بھی کوٹیشن قابل قبول نہ ہوگی۔

(6) تمام اشیاء کے نرخ دینا ہونگے۔ چند مخصوص اشیاء کے نرخ کی حامل کوٹیشن، نامکمل اور مشروط ٹینڈر قابل قبول نہ ہونگے۔

(7) پیپرا رولز کے مطابق غیر معیاری اور نمونہ جات سے ہٹ کر وردیاں سپلائی کی صورت میں کال ڈیپازٹ بحق سرکار ضبط کرتے ہوئے سپلائی آرڈر منسوخ کر دیا جائیگا۔ کوٹیشن دہندہ فرم مستحکم اور اس کا اپنا سٹور یا دوکان بھی ہونی چاہیے۔ نیز بلیک لسٹ اور دو سال سے کم متعلقہ تجربہ کی حامل فرمز Bidding میں شامل ہونے کی اہل نہ ہونگی۔

(8) سپلائی آرڈر جاری ہونے کے بعد متعلقہ فرم بل کے ساتھ GST Invoice فراہم کرے گی، جس سے سیلز ٹیکس رولز کے مطابق %20 جی ایس ٹی رقم With Held کرتے ہوئے فرم کو ادائیگی ہوگی، جس کے بعد جی ایس ٹی کی بقیہ %80 رقم (انوائس کے مطابق) کا ریٹرن چالان اسٹیٹ بینک آف پاکستان مظفرآباد میں اندر 15 ایام جمع کروانے کے بعد متعلقہ فرم دستاویزی ثبوت ادارہ کو بھی فراہم کرنے کی پابند ہوگی۔

(9) پیپرا رولز کی شق نمبر (36(b کے تحت Single stage, two envelop پروسیجر کی بنیاد پر ایک package میں، ایک لفافے میں Technical proposal اور دوسرے لفافے میں Financial Proposal شامل ہونی چاہیں۔ نیز ہر Envelop پر Technical proposal اور Financial proposal کے الفاظ واضح طور پر درج ہونے چاہیے۔

(10) جناب سیکرٹری/مجاز اتھارٹی کو ایک یا جملہ کوٹیشنز پیپرا رولز کی شق نمبر (1)33 کے تحت منظور یا مسترد کرنے کا اختیار حاصل ہوگا۔

(11) اشتہار AJK پیپرا کی ویب سائیٹ (www.ajkppra.gov.pk) پر بھی ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔

(12) درج بالا کسی بھی شرط پر پورا نہ اترنے کی صورت میں متعلقہ فرم کے خلاف پیپرا رولز کی شق نمبر (18,19) کے مطابق ادارہ کو کارروائی کرنے کا حق حاصل ہوگا۔

(13) اس حوالے سے مزید تفصیلات اسمبلی سیکرٹریٹ کی ویب سائٹ (www.ajkassembly.gok.pk) پر ملاحظہ اور Download بھی کی جاسکتی ہیں۔

نثار کاظمی

21/09/26

اسسٹنٹ سیکرٹری (انتظامیہ)

Ph: 05822-921919 ex. 127